PUNJAB EDUCATION INITIATIVES MANAGEMENT AUTHORITY

حوالہ نمبر: PEIMA/PSSP/CIR/2025/8133-A   تاریخ: 02-11/ 2025

محترم PSSP لائسنسیز!

عنوان: داخلہ پالیسی برائے تعلیمی سال (2025-26) پبلک سکول سپورٹ پروگرام(PSSP)

السلام علیکم!

بذریعہ سرکلر یہ اطلاع دی جاتی ہے کہ پنجاب ایجوکیشن انیشی ایٹوز مینجمنٹ اتھارٹی (PEIMA) کے تحت چلنے والے **پبلک سکول سپورٹ پروگرام (PSSP)** کے سکول لائسنسیز کے لئے بچوں کے داخلے کا آغاز **یکم مارچ 2025** سے کیا جارہا ہے۔ داخلوں کا دورانیہ **46دن** پر محیط ہوگا۔ لہٰذا لائسنسیز سے گزارش ہے کہ طلباء کے ب فارم، تصاویر، اور دیگر ضروری دستاویزات مکمل کر کے PEIMA-SIS میں دی گئی مقررہ مدت کے اندر طلباء کا اندراج یقینی بنائیں۔ بصورت دیگر تمام ذمہ داری لائسنسی پر عائد ہوگی۔

الف: داخلہ پالیسی

1. داخلے کی اجازت **یکم مارچ 2025** سے **15 اپریل 2025** تک ہوگی، اور **Final Submission** کی سہولت بھی اسی مدت تک میسر ہوگی۔
2. سکول لائسنسیز اپنی منظور شدہ جماعتوں کے مطابق نئے داخلہ کر سکتے ہیں۔
3. طلباء کا SIS میں اندراج **15 اپریل 2025** تک مکمل کرنا لازم ہے۔ مقررہ مدت کے بعد نئے داخلے یا Final Submission کی اجازت نہیں ہوگی۔
4. موجودہ طلباء کے ریکارڈ کو SIS میں فوری اپ ڈیٹ کریں۔
5. نئے داخلے کے لیے بچوں کا "**ب فارم** "ضروری ہے۔ والدین / سرپرست کے شناختی کارڈ کے بغیر کسی طالب علم کا داخلہ نہیں ہوگا، کیونکہ یہ فیس "**Conditional Cash Transfer**" کے تحت ادا کی جائے گی، جس میں شفافیت کو یقینی بنانے کے لئے ب فارم اور شناختی کارڈ کی تفصیلات لازم ہیں۔
6. SIS میں **Pending Status** میں موجود تمام بچوں کو **15 اپریل 2025** تک Final Submit کرنے کی اجازت ہوگی۔

PUNJAB EDUCATION INITIATIVES MANAGEMENT AUTHORITY

7. سکول چھوڑنے والے طلباء کو فوری طور پر SIS سے خارج کریں تاکہ وہ دوسرے .PEIMA/Govt سکول میں داخل ہو سکیں۔
8. نئے داخل ہونے والے طلباء کی حالیہ تصویر (جو ایک ماہ سے پرانی نہ ہو) SIS میں **15 اپریل 2025** تک اپلوڈ کرنا ضروری ہے۔ تصاویر کے بغیر داخلے کی اجازت نہیں ہو گی۔

ب: پروموشن / ڈیموشن پالیسی

1. تمام موجودہ طلباء کو **28 فروری 2025** کو آن لائن پروموشن کے ذریعے اگلی جماعتوں میں پروموٹ کیا جائے گا۔
2. پروموشن کے بعد ڈبل پروموشن کی اجازت **15 اپریل 2025** تک ہو گی۔
3. نرسری سے دوئم جماعت تک بچوں کو فیل (Demote) کرنے کی اجازت نہیں ہو گی، جبکہ دیگر جماعتوں میں زیادہ سے زیادہ 5 % طلباء کو ڈیموٹ کیا جا سکتا ہے۔
4. کسی بھی طالب علم کو ڈبل ڈیموٹ کرنے کی اجازت نہیں ہو گی۔

ج: مائیگریشن پالیسی

1. مائیگریشن کی سہولت **یکم اپریل 2025** سے موسمِ گرما کی تعطیلات تک دستیاب ہو گی۔
2. SIS میں غلطی سے Drop Out ہونے والے طلباء کو دوبارہ **Reactive** کرنے کی سہولت 10 دن کے اندر دی جائے گی۔

د: ریکارڈ مرتب کرنے کی ہدایات

1. داخل / خارج رجسٹر کے لئے نئے اندراج کی سہولت SIS میں شامل کی گئی ہے تاکہ بغیر خارج کئے بچوں کا ریکارڈ اپ ڈیٹ کیا جا سکے۔
2. لائسینسی ہر ماہ کی 10 تاریخ تک **SIS پر Monthly Update** جمع کروانے کے پابند ہیں، ورنہ ماہانہ ادائیگی نہیں ہو گی۔

PUNJAB EDUCATION INITIATIVES
MANAGEMENT AUTHORITY

اہم نوٹس

- داخلوں کی ادائیگی نادرا اور **فیزیکل ویریفیکیشن** کے بعد کی جائے گی۔
- تمام ادائیگیاں حکومتی منظوری اور بجٹ فراہمی سے مشروط ہیں۔
- لائسینسیز درج ذیل سہولیات فراہم کرنے کے ذمہ دار ہوں گے:
  - ✓ 1:35 کے تناسب سے اساتذہ کی فراہمی۔
  - ✓ صفائی کے مناسب انتظامات۔
  - ✓ پینے کے صاف پانی کی فراہمی (1:70 واٹر پوائنٹ)۔
  - ✓ ٹوائلٹ کا انتظام (1:70 تناسب)۔
  - ✓ تمام طلباء اور اساتذہ کے لئے فرنیچر کی فراہمی۔

ڈائریکٹر پروگرام

پنجاب ایجوکیشن انیشی ایٹوز مینجمنٹ اتھارٹی (PEIMA)

لاہور

کاپی برائے اطلاع:

1۔ پی-ایس ٹو سی-ای-او، پیما (PEIMA)

2۔ ڈائریکٹر فنانس، پیما (PEIMA)

3۔ آفس کاپی